22 مئی 2020

محترم CPS والدین اور اہلخانہ،

حتیٰ کہ ایک ایسے وقت میں کہ جس کی کوئی مثال نہیں ملتی، شکاگو پبلک اسکولز (Chicago Public Schools) (CPS) آپ کے بچے کو وہ تمام وسائل مہیا کرنے پر مرتکز ہے جو اس تعلیمی سال اور اس کے بعد آنے والے سالوں میں، کامیاب ہونے کے لیے انہیں درکار ہیں۔ البتہ، اس مقصد کو حقیقت میں بدلنے کے لیے ہماری CPC فیملی کو لازماً مکمل طور پر درکار وفاقی فنڈنگ کی ذمہ داری قبول کرنی ہے۔ 2020 کی مردم شماری میں جتنی ممکن ہوں اتنی فیملیز کا شمار کرنا ہماری کامیابی ہے، یہی وجہ ہے کہ ہم نے مئی 25-28 کو CPS مردم شماری کا ہفتہ منانے کا اعلان کیا ہے۔

جیسا کہ آپ اس [ویڈیو] میں دیکھ سکتے ہیں، مردم شماری اگلی دہائی کے لیے ہمارے شہر کے تعلیمی نظام پر گہرا اثر مرتب کرے گی۔ یہ مساوات اور شہری حقوق کا مسئلہ ہے، اور ہمارے لیے ہر وہ ممکن کوشش کرنا ضروری ہے جو یقینی بنائے کہ آپ کے بچے ریاست اور وفاق کے فنڈز کا منصفانہ حصہ حاصل کریں۔

آپ آنے والے ہفتے میں اپنے بچوں کو مردم شماری کے متعلق باتیں کرتے سن سکتے ہیں، کیونکہ ہم نے اپنے اساتذہ سے ان کے سیکھنے کے ریموٹ اسباق میں اسے ترجیح دینے کی استدعا کی ہے۔ حتیٰ کہ اس نوعمری میں، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے جانیں کہ یہ کیوں اتنا اہم ہے اور وہ یہ یقینی بنانے کے لیے کیسے مدد کر سکتے ہیں کہ ان کے اہلخانہ، دوست احباب، اور پڑوسیوں کا درست انداز میں شمار کیا جائے۔

اگر آپ نے 2020 مردم شماری کو ابھی تک مکمل نہیں کیا، تو ہم CPS مردم شماری کے ہفتے – مئی 25-28 میں آپ سے ایسا کرنے کی پُر زور اپیل کرتے ہیں۔ اس ہفتے میں آپ کی معاونت کے لیے بہت سے مواقع پیش کیے جائیں گے، جس میں فیملیز کے سوالات کے جوابات حاصل کرنے میں مدد کے لیے پوری تیاری کے ساتھ ورچوئل ورکشاپس شامل ہیں اور یہ یقینی بنانا کہ ان کا شمار درست طور پر کیا گیا ہے۔ آپ [مردم شماری کے ہفتے کی گائیڈ] میں منصوبوں اور سرگرمیوں کی مکمل فہرست دیکھ سکتے ہیں۔

ہمیں اندازہ ہے کہ اس سیاسی فضا میں مردم شماری کا خیال کچھ فیملیز کے لیے بے چینی کا باعث ہے، اور شکاگو شہر کے ساتھ، ایک محفوظ شہر کے طور پر ہم تمام کمیونٹیز کے اس ڈیٹا کو نامناسب طریقے سے استعمال ہونے سے بچانے کے لیے قائم کردہ اقدار کے پابند ہیں۔ 2020 مردم شماری میں شہریت کے کوئی سوالات نہیں ہیں، اور دیگر فراہم کردہ معلومات رازداری کے قانون کے تحت محفوظ کردہ ہیں۔

ہم آپ کے تعاون کے شکرگزار ہیں اور آپ سے اپیل کرتے ہیں کہ مردم شماری کو مکمل کرنے کے حوالے سے اگر آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہیں تو اپنے بچے کے ٹیچر اور پرنسپل سے رابطہ کریں۔ ہم CPS مردم شماری کے ہفتے کے دوران آپ کے بچوں کو اس اہم موضوع پر تعلیم دینے کے خواہاں ہیں، اور ہمیشہ کی طرح، انہیں اعلیٰ معیار کے سیکھنے کے وہ مواقع فراہم کرنے کے وعدے پر قائم ہیں جس کے وہ مستحق ہیں۔

مخلص

جینس کے جیکسن (Janice K. Jackson, EdD)
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

لاتانیا ڈی میک ڈیڈ (LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز